اس کتاب کے جملہ حق حقوق بموجب ایکٹ نمبر ۲۰ ۱۸۴۷ ہمارے نام محفوظ ہیں

سلسلۂ تصوف نمبر ۱۳

اُردو ترجمۂ کتاب

# مقاصد السالکین

از تصنیف لطیف

جناب پیر دستگیر ہادیٔ دین متین قدوۃ السالکین زبدۃ العارفین منہاج العابدین ہادیٔ مضلین شہبازِ اوجِ تفرید عنقائے قافِ تجرید ابو الوقت حضرت خواجہ ضیاء اللہ صاحب نقشبندی

رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ

مترجمہ

سگِ درگاہ سرکارِ عالیہ نقشبندیہ مسکین ملک فضل الدین نقشبندی مجددی رحمۃ اللہ علیہ

[illegible]

جسے

اللہ والے کی قومی دکان رجسٹرڈ

مالک ملک چنن الدین خلف الرشید ملک فضل الدین نقشبندی تاجر کتب

کشمیری بازار لاہور نے

عاشقانِ رسولِ اکرم محبانِ محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کے لئے

بصرفِ زرِ کثیر بامحاورہ اردو ترجمہ کرا کر نہایت صحت و صفائی کیساتھ

تعلیمی پرنٹنگ پریس لاہور میں طبع کرایا

بار سوم — قیمت تین روپے — ۳/

اور ماسوائے کے خطروں سے نجات پاتا ہے ۔

اور ہمیشگی کا مراقبہ یہ ہے کہ ہوش اور توجہ سب کی سب خدائے تعالیٰ کی طرف ہو جائے اور اللہ تعالیٰ کے علم کو اپنی ذات پر گھیرا کیا ہوا دیکھے ۔ واللہ بکل شیئ محیط (اللہ تعالیٰ نے ہر ایک شے کو اپنے علم سے گھیر لیا ہے) اور ہر گھڑی خطروں کو دور کر کر دل کی آنکھ سے حق سبحانہٗ تعالیٰ کی طرف دیکھے اور ایک ایک لحظہ الٰہی فیض کا منتظر اور امیدوار رہے ۔

لیکن عارفوں کے نزدیک کمال درجہ کا مراقبہ یہ ہے کہ سب ظاہری اور باطنی حسوں کو اپنے عمل سے بیکار کر کر اور سالک ہر لحظہ اپنے آپ سے خالی ہو کر اور حواس سے غائب ہو کر حق سبحانہٗ تعالیٰ کی درگاہ میں حاضر ہو ۔ اور یہ نہیں کہ اپنے مقصود کو شکل ۔ مثال ۔ علم اور خیال میں جکڑا ہوا دیکھے ۔ پناہ بخدا! جو کچھ وہم ۔ خیال ۔ فکر ۔ اندیشہ اور قوت مدرکہ میں آتا ہے ۔ حق سبحانہٗ تعالیٰ اُس سے پاک ہے ۔ مگر وہ شخص جو بمصداق موتوا قبل ان تموتوا (اپنے مرنے سے پہلے مر جاؤ) طبعی موت کے آنے سے پہلے مر جائے اور اپنی صفتوں سے فانی ہو جائے ۔ اور حواس باطنی ۔ یعنی وہم و خیال ۔ مدرکہ اور اندیشہ کو حق سبحانہٗ تعالیٰ کی ہستی کے ظہور کے عکس میں گم کر دے ۔ اور اپنی خودی سے بالکل خالی ہو جائے ۔ تو اُس کے بعد ہی کچھ دیکھتا ہے جو دیکھتا ہے ۔ لیکن ہر ایک غافل آدمی مراقبہ کا قدر کیا جانے ۔ اور ہر ایک بد باطن معنوی دولت کو کیا پہچانے ۔ اہل معنی احباب کو جو کچھ خلوت نشینی اور چشم پوشی میں حاصل کرتے ہیں ۔ شاید ظاہری لوگ خواب و خیال میں بھی نہیں دیکھتے ۔ اور جو صفائی وقت مراقبہ سے حاصل ہوتی ہے ۔ ہزار ہا عددوں اور وظیفوں سے میسر نہیں ہوتی ۔ نظم

گوہر طلبی صدف شکن باش ۔ غواص محیط خویشتن باش
معذوری زانکہ بر کناری ۔ از غرق شدن خبر نداری

اگر تجھے موتیوں کی طلب ہے ۔ تو سیپوں کو توڑ ۔ اور سمندر میں غوطہ لگا ۔ تو معذور ہے اس لئے کہ کنارے پر ہے ۔ تجھے ڈوب جانے سے کیا خبر ہے ۔

پس خدا کے طالبوں کو چاہیئے کہ ہر وقت مراقبہ میں غرق رہیں ۔ اور کسی وقت بھی اس دولت کو ہاتھ سے نہ دیں ۔ اس لئے کہ ابدی سعادت اور ہمیشہ کی دولت اسی عمل کے ساتھ وابستہ ہے ۔ خدا کے بھیدوں کے واقف خواجہ علاؤ الدین عطار قدس سرہٗ نے فرمایا ہے کہ مراقبہ کے

Marfat.com

چاندی۔ سونا۔ بی بی۔ بال بچوں وغیرہ کا نام دُنیا نہیں ہے ٭

جس مال کو تو حمیتِ دینِ اسلام کے لئے اپنے پاس رکھتا ہے۔ اُس کے حق میں تو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا ہے۔ کہ صالح آدمی کا مال و اسباب کیا ہی عمدہ اور اچھا ہے ٭

اگر پانی جہاز کے اندر پڑ جاوے تو اُسے ساتھ لے ڈوبتا ہے۔ اور اگر جہاز کے نیچے ہے۔ تو جہاز کا پُورا مددگار ہے ٭

لیکن یہ سب کچھ جو کہا گیا ہے، منتہی کے لئے ہے۔ مبتدی کے لیے نہیں ہے جب کامل سالک نے فنا اور بقا کے رُتبے پُورا حصہ پا لیا ہو۔ تو گویا اُس کی بیماری دفع ہوئی۔ اور پرہیز ٹوٹ گیا۔ لیکن وہ سالک جو ابھی راستہ میں اور جس نے اپنے معاملہ کو ابھی انتہا تک نہیں پہنچایا۔ اور کامل و مکمل نہیں کیا۔ اُس کے لئے یہ سب چیزیں نقصان دہ ہیں۔ بلکہ مبتدی اگر ایک ذرہ بھر تعلق بھی اختیار کرے۔ تو اپنے مقصود تک کبھی نہیں پہنچتا۔ پس اس راستہ کے چلنے والوں کو سب چیزوں سے مُنہ پھیرنا چاہیئے اور دل کے شیشہ کو غیر حق کی میل سے آلودہ نہ کرنا چاہیئے۔ چونکہ اس زمانہ میں ہر ایک درویش بیمار دل اور تھوڑے سے سرمایہ کے ساتھ صرف قیاس اور دلیل سے اپنے تئیں منتہی اور کامل قرار دیتا ہے۔ اور قرب و معرفت کا دعویٰ کرتا ہے۔ تو یہ سب کا سب خیال خود بینی اور خامی سے ہے۔ قرب اور معرفت کا دعویٰ خدا سے دُور رہنے کا نشان ہے۔ اس لئے کہ خدا مُقرّب اپنی صفت و ثنا نہیں کیا کرتے۔ عارف کو جس قدر ترقی مدارج نصیب ہوتی ہے اُتنی ہی اُس کو اپنے نقصوں اور عیبوں پر زیادہ اطلاع ہوتی ہے۔ جیسا کہ خدا کے سچے حبیب حضرت محمد رسول صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ما عرفناک حق معرفتک وما عبدناک حق عبادتک (ہم نے خداوند تعالیٰ کو ایسا نہیں پہچانا، جیسا کہ پہچاننے کا حق ہے۔ اور اس کی ایسی عبادت نہیں کی جیسا کہ اُس کی عبادت کا حق ہے) تو پھر اوروں کو ایسے دعاوی کرنے کی کیا مجال ہے ٭

ایک بزرگ نے کیا اچھا کہا ہے "خبردار اپنی ریاضت اور کمالیت پر کسی قسم کا دھوکا نہ کھانا۔ اور گھمنڈ نہ کرنا۔ اور کہیں اپنی خودی کا دعوے نہ کر بیٹھنا۔ کیونکہ جو شخص اپنی کمالیت پر اتراتا ہے۔ اُس پہ خدائے تعالےٰ کے راستہ کی کمالیت ظاہر نہیں ہوتی پس اس راستہ کے چلنے والے کو اگر طاعت اور عبادت گھمنڈ میں ڈالے۔ تو لازم ہے

Marfat.com

وقت کو خوشحال اور مالا مال کر دیا۔ اور زبان کی بلبل کو بے اختیار اس گیت کے گانے پر آمادہ کر دیا ٭

## نظم

۱ اے عشق بیا کہ انتظارم — در راہ تو دیدہ باز دارم
۲ ہم دیدہ براہ آرزو باز — ہم گوش تمنی اش بر آواز
۳ اے عشق بیا ترا بجویم — تا سِرّ درون خود بگویم
۴ اے عشق بیا ترا گزیدم — وز ہر دو جہان دلے بریدم
۵ اے عشق اگر شوی ہم آغوش — من ہر دو جہان کنم فراموش
۶ اے عشق ہمیشہ باش با من — یک شعلہ شوق در دلم زن
۷ اے عشق مرا ذخیرہ بخودی — لیکن نہ کے درست راہ بخودی
۸ اے عشق دمے بیا و بنشیں — من خستہ دلم غریب و مسکیں
۹ ہستی تو غریب و من غریبم — یک قطرہ ز جام تو چشیدم
۱۰ یکذرہ دگر بدہ ازاں جام — تا کار ہمہ شود سرانجام
۱۱ روز از تو سیاہ شب مرا بس — تخت از تو بوقت راہ مرا بس
۱۲ بنشیں بہ تحفہ جان و بنشیں — یکتا کمر از میان و بنشیں
۱۳ از آرزوے چو گل شگفتم — دامن دامن بہار رُفتم
۱۴ گل گر ز بہار بخشتم امروز — بر گل بنہید خشتم امروز

۱۔ اے حضرت عشق! تشریف لائیے! بندہ آپ کے انتظار میں ہے اور آپ کے راستہ کی طرف آنکھیں بچھائے کر دیکھ رہا ہے ٭

۲۔ آرزو کے راستے میں آنکھیں بھی کھلی ہیں اور (آپ کی) تمنا میں کان بھی آواز کے مشتاق ہیں ٭

۳۔ اے حضرت عشق تشریف لائیے۔ میں ہوں۔ اور چاہتا ہوں کہ اپنے دل کے راز و نیاز آپ کے سامنے پیش کروں ٭

۴۔ اے حضرت عشق تشریف لائیے! بندہ نے آپ کو منتخب کیا ہے۔ اور دونوں جہان سے قطع تعلق کر لیا ہے ٭

۵۔ اے حضرت عشق! اگر آپ بندے سے ہم آغوش ہوں تو دونوں جہان کو

استقامت در رہت برنام نے واویلتا · زیں سبب حیراں پریشاں ماندہ ام وحسرتا
اندرونم پر کسافت زبروں دارم رجا · آہ زیں حسرت کہ ماندم غرق در بحر بلا

کن نظر بر حال زار ایں بے سرو پا بے نوا
لیس فی الدارین غیرک یا محمد مصطفیٰ

اندراں روزے اجل چوں رخنہ در جانم زند · ایں لعین بدکیش بہتو قصد ایمانم کند
لطف کن تا لطف تو آں وقت آسانم کند · کلمۂ طیب تشہد بر زبانم کند

کن نظر بر حال زار ایں بے سرو پا بے نوا
لیس فی الدارین غیرک یا محمد مصطفیٰ

وقت آں دارم نہ یارو نہ برادر غمگسار · نے کسے واقف شدہ نے مشفقم بر حال زار
کیست جز تو یا محمد از صغار و از کبار · محرم ایں بیکسی کہ ہستم خستہ جاں و دلفگار

کن نظر بر حال زار ایں بے سرو پا بے نوا
لیس فی الدارین غیرک یا محمد مصطفیٰ

عاقبت گر بر سرم چوں منکر آید یا نکیر · حیرتے دارم چہ خواہد گفت ایں مسکیں حقیر
در چنیں جا پر خلل با ہیبت و خوف و نفیر · گر نباشد لطف تو اے وائے بر مسکیں اسیر

کن نظر بر حال زار ایں بے سرو پا بے نوا
لیس فی الدارین غیرک یا محمد مصطفیٰ

وحشت الماس نمایدراہ دارم سخت پیش · ہم کفن آماسیدہ دارم یا شنہ داریم ریش
در کمینگاہم نشستہ غول ملعون زشت کیش · رہبرم باشی وگرنہ سخت بینم کار خویش

کن نظر بر حال زار ایں بے سرو پا بے نوا
لیس فی الدارین غیرک یا محمد مصطفیٰ

یا نبی اللہ مدد کن روز محشر جاں گداز · وز تفکر خود بروں آیند جملہ اہل راز
عاقبت کارم فتد در دست حشر بے نیاز · آہ زماں واحسرتا گر تو نباشی کارساز

کن نظر بر حال زار ایں بے سرو پا بے نوا
لیس فی الدارین غیرک یا محمد مصطفیٰ

روز محشر ہر کدامی یا شفیع المذنبیں　　گرد تو آیند جملہ ہم ندیاں ہم قریں
ہمچو من شرمندہ را اعمالہائے بدتریں　　با کرم خواں آں زماں یا رحمۃ للعالمیں

کن نظر بر حال زار ایں بے سر و پا بے نوا
لیس فی الدارین غیرک یا محمد مصطفٰی

میگذارم روز خشب زاں پل صراط پر خطر　　بگذرند پاکاں از انجا با فراغت خوب تر
با گرانی بار عصیاں چوں کنم زانجا گذر　　دستگیرم باش تو تا من نیفتم در سقر

کن نظر بر حال زار ایں بے سر و پا بے نوا
لیس فی الدارین غیرک یا محمد مصطفٰی

یا رسول اللہ بحرمت ثانی اثنین ہما　　صادق صدیق اکبر و بکر شفیع ما
یا نبی اللہ بحرمت آں امیر المقتدا　　محتسب راہ شریعت حاکم حکم قضا

کن نظر بر حال زار ایں بے سر و پا بے نوا
لیس فی الدارین غیرک یا محمد مصطفٰی

یا رسول اللہ بحرمت شاہ عثماں ذوالفگار　　جامع قرآں حبیب اللہ مفتاح الوقار
یا نبی اللہ بحرمت شاہ مرداں شہسوار　　لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

کن نظر بر حال زار ایں بے سر و پا بے نوا
لیس فی الدارین غیرک محمد مصطفٰی

یا حبیب اللہ بحرمت آں شہیداں مقبلین　　سید الکونین و الثقلین حسن و حسین رض
دوستی خاتون جنت کاں شفیع المذنبیں　　فاطمۃ الزہرا خطابش شد ز رب العالمین

کن نظر بر حال زار ایں بے سر و پا بے نوا
لیس فی الدارین غیرک یا محمد مصطفٰی

یا رسول اللہ بحرمت غوث اعظم پیر ما　　قطب ربانی کہ آمد ہر دو عالم مقتدا
شاہ شمس اللہ محی الدین محبوب خدا　　واقف اسرار حق سلطان ملک اولیا

کن نظر بر حال زار ایں بے سر و پا بے نوا
لیس فی الدارین غیرک یا محمد مصطفٰی

Marfat.com

اردو ترجمہ کتاب

# عقائد مجددیہ

برکت و سراپا رحمت کتاب ساتویں صدی ہجری میں حضرت علامہ شیخ شہاب الدین توربشتی
شیراز میں علم عقائد پر تصنیف فرمائی تھی۔ جس کو اسلامی دنیا بالخصوص دلدادگان علم تصوف
نہایت قدر کی نگاہوں سے دیکھا۔ اس بے نظیر کتاب نے اہل سائنس اور فلاسفہ اور
ہر باطل عقیدہ اشخاص کے خیالات کو بالکل صاف کر دیا ہے۔ بڑے بڑے علمائے ظاہر
علمائے باطن بالاتفاق اس پر عمل پیرا ہونے کے لئے ہدایت فرماتے رہے۔ چنانچہ
بات شریف جلد اوّل مکتوب ۱۹۳ میں حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے
ے عقیدت مندوں کو بالخصوص سیادت پناہ شیخ فرید رحمۃ اللہ علیہ کی طرف اس کتاب
عریف و توصیف فرما کر اس پر عمل ہونے کی ہدایت فرمائی ہے۔

لہٰذا اس کتاب کو اگر عقائد حقہ اہل سنت والجماعت کی رہبر اور پیر و مرشد
جاوے تو بجا ہے۔ اس جملہ خاندان ہر چہار سلاسل کو خصوصاً اور ہر مسلمان کو عموماً
در بے بہا کو خرید کر اور مطالعہ کر کے اپنے عقائد کی اصلاح کرنی چاہیے۔ جو
اللہ تعالےٰ نہایت صحت و صفائی کے ساتھ عمدہ ولایتی کاغذ پر بصرف زر کثیر بامحاورہ
ترجمہ کرا کر طبع کرائی گئی ہے۔

ضخامت بہت بڑی قریباً ۵۰۰ صفحہ، خوشخط سرورق رنگین دیدہ زیب،
ی یہ کتاب عقاید اہل سنت والجماعت کے لئے ایک ہیرا اور تحفہ بے نظیر ہے۔ جو
سے تعلق رکھتی ہے۔ مطالعہ فرما کر اس اللہ والے کو دعائے خیر سے یاد فرماویں۔
بی قیمت صرف چھ روپے ہے۔

ملنے کا پتہ: اللہ والے کی قومی دکان (رجسٹرڈ) کشمیری بازار لاہور

Marfat.com

